
© rasailojaraid.com



# تبصرۂ کتب

"ادارہ"



**سیرت احمد مجتبیٰ** مؤلف۔ جناب مصباح الدین شکیل۔ صفحات ۵۱۶
ناشر۔ پاکستان سیٹیزن آئیل کمپنی۔ دائود سنٹر، مولوی تمیزالدین خان روڈ کراچی

علم و تحقیق اور اشاعت و طباعت کے وسائل میں جس تیزی سے وسعت آرہی ہے۔ اسی نسبت سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نور ہدایت کی کرنیں عالم انسانی کو منور کررہی ہیں۔ سیرت احمد مجتبیٰ اسی سلسلۂ نور و ہدایت کی اشاعت کی ایک کڑی ہے۔ جسے جناب مصباح الدین صاحب شکیل سادہ و سلیس زبان و بیان میں مستند واقعات اور سیرت کے مختلف پہلوؤں کو ترتیب جدید کے ساتھ پیش کیا ہے۔ مختلف عنوانات، اہم مقامات کی تصاویر، نقشے، گوشوارے اور کتابیات و حوالہ جات سے کتاب کے استناد اور وقعت کو دوبالا کردیا ہے۔

پاکستان سیٹیزن آئیل نے ایک فنی اور تجارتی ادارہ ہونے کے باوجود شعبۂ تعلقات عامہ میں اسلامی تعلیمات اور تاریخی واقعات کی تحقیق کے لئے ایک مستقل گوشہ قائم کیا ہے۔ اور کمپنی کے ترجمان کے طور پر پی ایس او ریویو کے نام سے ایک مستقل خصوصی رسالہ بھی شائع کیا جاتا ہے۔ ۱۴۰۵ھ سے ان خصوصی شماروں کو ایک نیا رخ دیا گیا ہے۔ چنانچہ شکیل صاحب نے سیرت نبویؐ پر اپنے تحقیقی کام کا پہلا حصہ "ولادت سے غار حرا تک" خصوصی نمبر کے طور پر شائع کیا۔ اس سے اگلے سال "غار حرا سے ہجرت حبشہ تک" اور ۱۴۰۷ھ میں ہجرت حبشہ سے مسجد قبا تک "۔ شائع کیا۔ انہی حصوں کو یکجا کرکے سیرت احمد مجتبیٰ (ظہور قدسی سے مسجد قبا تک) کو مستقل کتابی صورت میں شائع کردیا گیا ہے۔

آئیل کمپنی کا سیرت نبوی کی اشاعت میں اس قدر توجہ و عنایت اور کثیر سرمایہ خرچ کرنا قابل تبریک ہے۔ خدا کرے کہ اس کا بقیہ حصہ بھی جلد از جلد معیاری طور پر شائع ہو اور اس کی خوبصورت اور معیاری اشاعت کی سعادت بھی کمپنی کو حاصل ہو۔



© rasailojaraid.com